گوشہ تعارف وتبصرہ کتب

تبصرہ نگار: پروفیسر ڈاکٹر صلاح الدین ثانی

کتاب کا نام: تعلیمات اور تخلیق انسانی کے مدارج جدید میڈیکل سائنس کی روشنی میں

مصنف: پروفیسر ڈاکٹر مفتی عزیز الرحمن سیفی

ناشر: حبیبیہ اسلامک انسٹی ٹیوٹ ۲۰۱۳ء

قیمت وصفحات: درج نہیں، ۱۴۴ صفحات

ڈاکٹر صاحب کی شخصیت کسی تعارف کی محتاج نہیں، آپ علوم دینیہ وعلوم عصریہ سے بہرہ ور وشناسا ہیں، فاسٹ یونیورسٹی سے وابستہ ہیں۔

یہ کتاب جیسا کہ نام سے ظاہر ہے اسلام اور سائنس کے حوالہ سے مرتب کی گئی ہے، اور مخصوص پہلو تخلیق انسانی کو موضوع بحث بنایا گیا ہے، پوری کتاب انتہائی دیدہ زیب ہے، چارکلر میں شائع کی گئی ہے۔

ڈاکٹر صاحب نے فکری توضیحات کے لئے چارٹ اشارات وتصاویر کا سہارا لیا ہے، اردو زبان میں اسلام اور سائنس کے حوالہ سے بہت کم تحقیقی کام ہوا ہے، ڈاکٹر صاحب نے موضوع کا حق ادا کرنے کی بھرپور کوشش کی ہے۔

کتاب کے آغاز میں ۲۲ صفحات پر مشتمل مقدمہ ہے، جس کا اختتام صفحہ ۲۲ پر ہوتا ہے، اس کے بعد پیش لفظ اور تمہید ہے، جس کا اختتام

صفحہ ۶۴ پر ہوتا ہے، اسی صفحہ سے کتاب کا آغاز ہوتا ہے، جس میں بحث کا آغاز انسان کی عظمت وفضیلت سے ہوتا ہے، پھر ڈارون کے نظریہ ارتقاء کا رد کیا گیا ہے۔

حضرت حواء علیہا السلام کی تخلیق، کلوننگ، مادہ منویہ اور اس کے نمو وارتقاء کے مراحل سے بحث کی ہے۔

ڈاکٹر صاحب کی یہ اچھی کوشش اور کاوش ہے، اس کتاب کو سائنس کالجز کی لائبریریز میں ہونا چاہئے۔

فاسٹ یونیورسٹی میں حال ہی میں اس کتاب کی تقریب رونمائی کا اہتمام بھی کیا گیا ہے۔ ڈائریکٹر فاسٹ یونیورسٹی نے اپنے صدارتی خطاب میں اس کتاب کو سراہا اور راقم نے بھی چیف گیسٹ کی حیثیت سے خطاب کیا۔ اساتذہ وطلباء کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

کتاب میں حوالہ جات ریسرچ کے اصولوں کے مطابق مرتب کرکے آخر میں یا صفحہ کے نیچے